چہرے پر سٹیم دینے سے روزہ ٹوٹے گا یا نہیں؟

مجیب: مولانا محمد علی عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-2672

تاریخ اجراء: 14 شوال المکرم 1445ھ / 23 اپریل 2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

فیشل کرنے میں جو steam چہرے پر دی جاتی ہے، کیا اس سے بھی روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟ اور اگر ٹوٹ جاتا ہے تو کیا صرف قضا لازم ہو گی یا پھر کفارہ بھی دینا ہو گا؟

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

فیشل کے لیے اگر اس طرح بھاپ لے کہ اپنے ارادے سے بھاپ کو نہ دماغ میں پہنچائے اور نہ حلق میں، بلکہ صرف چہرے پر لگائے تو اس طرح چہرے کو بھاپ لگانے سے روزہ نہیں ٹوٹے گا۔

اور اگر اس طرح بھاپ لے کہ اسے اپنے جسم سے قریب کر کے اس کا دھواں سونگھے کہ دماغ یا حلق میں جائے اور اسے اپنا روزہ دار ہونا یاد ہو تو اس صورت میں روزہ ٹوٹ جائے گا، اور بلا عذر شرعی اس طرح بھاپ لے کر روزہ توڑنا سخت ناجائز و گناہ ہے۔ البتہ! اس سے روزہ کی صرف قضا لازم آئے گی، کفارہ لازم نہیں ہو گا۔

نور الایضاح میں ہے "باب ما يفسد الصوم [ويوجب القضاء] من غير كفارة [وهو سبعة وخمسون شيئا تقريبا]۔۔۔أو أدخل حلقة دخانا بصنعه" ترجمہ: باب ان چیزوں کے بارے میں جو روزے کو توڑ دیتی ہیں اور بغیر کفارے کے قضا واجب کرتی ہیں، وہ تقریباً 57 اشیاء ہیں۔۔۔ (ان میں سے ایک یہ ہے کہ) روزہ دار نے اپنے ارادے سے اپنے حلق میں دھواں داخل کیا۔ (نور الایضاح، کتاب الصوم، ص138، المکتبة العصرية)

امام اہل سنت امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ تعالی علیہ فرماتے ہیں: "متون و شروح و فتاوی عامہ کتب مذہب میں جن پر مدارِ مذہب ہے علی الاطلاق تصریحات روشن ہیں کہ دُھواں یا غبار حلق یا دماغ میں آپ چلا جائے کہ روزہ دار نے بالقصد اسے داخل نہ کیا ہو تو روزہ نہ جائے گا اگرچہ اس وقت روزہ ہونا یاد تھا۔۔۔ ہاں اگر صائم اپنے قصد و ارادہ سے اگر یا لوبان خواہ کسی شے کا دُھواں یا غبار اپنے حلق یا دماغ میں عمداً بے حالت نسیان صوم داخل کرے، مثلاً بخور سلگائے

اور اسے اپنے جسم سے متصل کرکے دُھواں سُونگھے کہ دماغ یا حلق میں جائے تو اس صورت میں روزہ فاسد ہو گا۔

(فتاوی رضویہ، ج10، ص492، 490، رضافاؤنڈیشن، لاہور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net